سوال

(494) کیا گائے، بیل اونٹ ایک آدمی کرسکتا ہے یا حصہ دار کی شمولیت ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گائے، بیل، اونٹ صرف ایک آدمی ہی قربان کرسکتا ہے یا سات حصہ دار ہی ہوں؟ (محمد صدیق تلیاں، ایبٹ آباد) (۱۸ جون ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گائے، بیل، اونٹ صرف ایک آدمی بھی کرسکتا ہے بلکہ اصل یہی ہے، شراکت محض اللہ کا فضل ہے۔ حجۃ الوداع کے موقع پر نبیﷺ نے سو قربانیاں کی تھیں۔ (زاد المعاد: ۱/۲۲۸۔۲۲۹)

اور دوسرے موقع پر دو مینڈھے ذبح کیے۔ (مشکوٰۃ باب فی الاضحیۃ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 375

محدث فتویٰ